مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

ستمبر / 2025ء

أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

(ترمذی)

مومنوں میں سب سے کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں۔

اس شمارہ میں خاص

- حسن ظن ایک عبادت ہے
- نرم اور پاک زبان کا استعمال
- کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اہمیت

یوم آزادی کے موقع پر مجلس خدام الاحمدیہ قادیان کی جانب سے Blood Donation Camp کا کامیاب انعقاد

سالانہ ضلعی اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ کٹک، ڈھینکانال وکیندراپاڑا، اُڈیشہ کے چند مناظر

سالانہ لوکل اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ جمشید پور، جھارکھنڈ کی تصاویر

علاقائی سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ یادگیر، گلبرگہ، رائچور وبیجاپور، کرناٹک کے کامیاب انعقاد کی چند تصاویر

ماہنامہ از قادیان دارالامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

ستمبر 2025ء
ربیع الاول، ربیع الثانی 1446/47 ہجری قمری
تبوک 1404 ہجری شمسی

نگران

شمیم احمد غوری
صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نایک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر، احسان علی اوکے
مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر، مرشد احمد ڈار،
سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک
اندرون ملک: 220 روپیہ، بیرون ملک :: 50 1 $
قیمت فی پرچہ: 20 روپیہ

فہرست مضامین

اداریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 11/اپریل 2025ء	5
حسن ظن ایک عبادت ہے	8
نرم اور پاک زبان کا استعمال	11
غیبت سے اجتناب	12
کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اہمیت	13
ظالم اور مظلوم ایک نفسیاتی جائزہ	14
گوشۂ ادب	17
بنیادی مسائل کے جوابات	18
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	20
Diary Dose	21
بزم اطفال	22
ذکر خیر مکرم الحاج عبد السلام صاحب لون مرحوم	23
ملکی رپورٹس	26
Health & Fitness	27
سائنس کی دنیا	28
The Hidden Enemy Hypocrisy in Modern times	31
Peace be Upon you. A divine gift	33
Self-Accountability. The Secret to a righteous Life	35
Summary of the Friday Sermon	40

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. **Editor:** Niyaz Ahmad Naik

اداریہ

اسلام ایک ایسا کامل اور جامع مذہب ہے جو انسان کی ظاہری و باطنی زندگی کے ہر پہلو کی اصلاح کے لیے ہدایات دیتا ہے۔قرآن و سنت میں نہ صرف بڑی برائیوں سے روکا گیا ہے بلکہ ان چھوٹی چھوٹی برائیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے جو بظاہر معمولی نظر آتی ہیں مگر درحقیقت معاشرے کے اخلاقی ڈھانچے کو کھوکھلا کر دیتی ہیں۔

آج کے دور میں جہاں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا ہماری زندگی کا حصہ بن چکے ہیں، وہاں یہ برائیاں نئے انداز میں پروان چڑھ رہی ہیں۔غیبت، چغل خوری، جھوٹ اور ریاکاری جیسی کمزوریاں ایک طرف گھروں اور رشتوں کو متاثر کرتی ہیں تو دوسری طرف آن لائن دنیا میں انسان کی عزت و وقار کو مجروح کرتی ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”بعض گناہ ایسے باریک ہوتے ہیں کہ انسان ان میں مبتلا ہوتا ہے اور سمجھتا ہی نہیں۔جوان سے بوڑھا ہوجاتا ہے مگر اسے پتہ نہیں لگتا کہ گناہ کرتا ہے۔مثلاً گلہ کرنے کی عادت ہوتی ہے (شکوے شکایتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے) ایسے لوگ اس کو بالکل ایک معمولی اور چھوٹی سی بات سمجھتے ہیں حالانکہ قرآن شریف نے اس کو بہت ہی بڑا قرار دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا (الحجرات:۱۳) خدا تعالیٰ اس سے ناراض ہوتا ہے کہ انسان ایسا کلمہ زبان پر لاوے جس سے اس کے بھائی کی تحقیر ہو اور ایسی کارروائی کرے جس سے اس کو حرج پہنچے۔ایک بھائی کی نسبت ایسا بیان کرنا جس سے اس کا جاہل اور نادان ہونا ثابت ہو یا اس کی عادت کے متعلق خفیہ طور پر بے غیرتی یا دشمنی پیدا ہو۔یہ سب بُرے کام ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ ۶۵۴-۶۵۳ جدید ایڈیشن مطبوعہ ربوہ)

اسلام ہمیں بار بار اس بات کی یاد دہانی کرواتا ہے کہ ایک مومن کی پہچان اس کے اعلیٰ اخلاق اور پاکیزہ کردار سے ہوتی ہے۔اگر ہم ان چھوٹی برائیوں کو معمولی سمجھ کر نظرانداز کریں تو یہی برائیاں بڑے فتنے اور فساد کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی زبان، قلم اور انٹرنیٹ کے استعمال کو پاکیزگی کے دائرے میں رکھیں اور تقویٰ کو اپنا شعار بنائیں۔

خوش اخلاقی ایک ایسا جوہر ہے کہ موذی سے موذی انسان پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے“۔ حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں: ”کسی نے کیا اچھا کہا ہے کہ (فارسی میں) ”لُطف کن لُطف کہ بیگانہ شود حلقہ بگوش“

(ملفوظات جلد اول صفحہ ۸۱۔ ایڈیشن ۱۹۸۵ء مطبوعہ انگلستان)

(کہ مہربانی سے پیش آؤ تو بیگانے بھی تمہارے حلقہ احباب میں شامل ہو جائیں گے۔)

پس یہ وہ اصولی بات ہے جو ہمیشہ ہمیں پیش نظر رکھنی چاہئے کہ اپنے ہر عمل کو تقویٰ کے تابع کرتے ہوئے اچھے اخلاق کا مظاہرہ ہو۔

پھر آپؑ فرماتے ہیں: ”ان باتوں کو نہایت توجہ سے سننا چاہئے۔ اکثر آدمیوں کو مَیں نے دیکھا اور غور سے مطالعہ کیا ہے کہ بعض سخاوت تو کرتے ہیں“ (بڑے سخی ہیں۔لوگوں کو دیتے بھی ہیں) ”لیکن ساتھ ہی غصہ وَر اور زُود رنج (بھی ہوتے) ہیں“۔ (غصہ میں فوراً آجاتے ہیں) ”بعض حلیم تو ہیں لیکن بخیل ہیں“۔ (بڑے حلیم ہیں، نرم مزاج ہیں لیکن کنجوس ہیں) ”بعض غضب اور طیش کی حالت میں ڈنڈے مار مار کر گھائل کر دیتے ہیں مگر تواضع اور انکسار نام کو نہیں۔بعض کو دیکھا ہے کہ تواضع اور انکسار تو اُن میں پرلے درجہ کا ہے مگر شجاعت نہیں ہے“۔ (یا تو غصہ میں آ گئے تو انکساری اور عاجزی کوئی نہیں۔ اگر انکساری اور عاجزی دکھائیں گے تو پھر جہاں بہادری کی ضرورت ہے وہ خُلق ان میں ختم ہو جاتا ہے۔)

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۱۳۲ تا ۱۳۴۔ ایڈیشن ۱۹۸۵ء مطبوعہ انگلستان)

اللہ تعالیٰ ہمیں تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے اخلاق میں پاک تبدیلیاں پیدا کرنے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کو سامنے رکھنے اور ہر وقت اعلیٰ اخلاق کے اظہار کی توفیق عطا فرمائے۔ اور ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خواہش کے مطابق اپنی زندگیاں گزارنے والے ہوں۔

سلیق احمد نایک

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ



يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ (سورۃ الحجرات آیت نمبر 13)

ترجمہ: اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچتے رہا کرو کیونکہ بعض گمان گناہ بن جاتے ہیں اور تجسّس سے کام نہ لیا کرو۔ اور تم میں سے بعض، بعض کی غیبت نہ کیا کریں۔ کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا (اگر تمہاری طرف یہ بات منسوب کی جائے تو) تم اس کو ناپسند کرو گے اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، اللہ بہت ہی توبہ قبول کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالثؒ بیان فرماتے ہیں:

"نہ کرنے والی" باتوں میں جو لغو کی بنیاد سے اٹھیں پھر بہت سی باتیں ہیں ان میں ایک ہے تجسّس نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَا تَجَسَّسُوْا عیب جوئی نہیں کرنا، دوسروں کے عیب تلاش نہیں کرنا۔ اپنی فکر کرو۔ اپنی زندگی کا محاسبہ کرتے رہو۔ محاسبہ تو ہر وقت خدا تعالیٰ سے عشق رکھنے والا انسان کرتا رہتا ہے کہ اگر کوئی چھوٹی یا بڑی غلطی سرزد ہو جائے، ہو چکی ہو، تو توبہ کرے اور خدا تعالیٰ سے معافی مانگے۔ توبہ کی بنیاد محاسبہ پر ہی ہے۔ اگر کسی نے محاسبہ نہیں کیا تو حقیقی توبہ بھی اس کے نصیب میں نہیں ہو سکتی۔

(انوار القرآن جلد سوم صفحہ 328)

إِنْفَاخُ النَّبِيِّ ﷺ

حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا"

یعنی: تم میں سے سب سے زیادہ محبوب اور قیامت کے دن میرے سب سے قریب وہ ہوں گے جن کے اخلاق سب سے اچھے ہوں گے۔

(ترمذی، کتاب البر والصلة)

سب سے زیادہ وزن والا عمل:

"مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ"

یعنی: قیامت کے دن مومن کے میزان میں سب سے زیادہ وزنی چیز اچھے اخلاق ہوں گے۔

(ریاض الصالحین کتاب المقدمات حدیث نمبر 625)

حسنِ اخلاق اور روزہ دار/عبادت گزار:

"إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ"

یعنی: مومن اپنے حسن اخلاق کی وجہ سے روزہ رکھنے والے اور رات عبادت کرنے والے کا درجہ پالیتا ہے۔

(ریاض الصالحین کتاب المقدمات حدیث نمبر 628)

كَلَامُ الإِمَامِ المَهْدِيِّ

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’یاد رکھو تکبر شیطان سے آیا ہے اور شیطان بنا دیتا ہے۔ جب تک انسان اس سے دور نہ ہو یہ قبول حق اور فیضان الوہیت کی راہ میں روک بن جاتا ہے۔ کسی طرح سے بھی تکبر نہیں کرنا چاہئے۔ نہ علم کے لحاظ سے، نہ دولت کے لحاظ سے، نہ وجاہت کے لحاظ سے، نہ ذات اور خاندان اور حسب نسب کی وجہ سے۔ کیونکہ زیادہ تر انہی باتوں سے یہ تکبر پیدا ہوتا ہے اور جب تک انسان ان گھمنڈوں سے اپنے آپ کو پاک صاف نہ کرے گا اس وقت تک وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک برگزیدہ نہیں ہوسکتا۔ اور وہ معرفت جو جذبات کے مواد ردّیہ کو جلا دیتی ہے اس کو عطا نہیں ہوتی کیونکہ یہ شیطان کا حصہ ہے۔ اس کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔ شیطان نے بھی تکبر کیا تھا اور آدم سے اپنے آپ کو بہتر سمجھا اور کہہ دیا کہ ’’اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ‘‘۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ خدا تعالیٰ کے حضور مردود ہوگیا۔ اور آدم لغزش پر (چونکہ اسے معرفت دی گئی تھی) اپنی کمزوری کا اعتراف کرنے لگا اور خدا تعالیٰ کے فضل کا وارث ہوا‘‘۔

(ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۲۷۵،۲۷۶)

امام وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’آج کل کے معاشرے میں تو قدم قدم پر ہمیں جھوٹ نظر آتا ہے اور اسے دیکھ کر ہم سمجھتے ہیں کہ تھوڑی بہت غلط بیانی کر لینا کوئی گناہ نہیں ہے، کوئی ایسی بڑی بات نہیں ہے لیکن یہی باتیں پھر بڑے بڑے جھوٹ بلواتی ہیں۔ سچائی کی اہمیت ختم ہوجاتی ہے۔ پس ہر احمدی کو اپنی سچائی کے معیار بہت اونچے کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر یہ سچائی کے معیار ہم حاصل کرلیں تو بہت سے جھگڑے اور مسائل ہمارے ختم ہوجائیں۔

سب سے اہم بات ہمیں یہ یاد رکھنی چاہیے کہ ہم نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت خدا کی بادشاہت دنیا میں قائم کرنے کے لیے کی ہے۔ اگر ہم نے جھوٹ کا سہارا لینا شروع کر دیا تو ہم پھر خدا کی بادشاہت قائم کرنے کی بجائے شیطان کی بادشاہت دنیا میں قائم کرنے والے بن رہے ہوں گے۔ پس بہت فکر اور سوچنے کا مقام ہے۔‘‘

(اختتامی خطاب برموقع جلسہ سالانہ قادیان ۲۰۲۲ء مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل ۱۲/اگست ۲۰۲۳ء)

خطبات و خطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۱۱؍اپریل ۲۰۲۵ء بمطابق ۲۸؍ امان ۱۴۰۴؍ہجری شمسی بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یو کے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

غزوہ خیبر کے بعد کے کچھ واقعات بیان ہو رہے ہیں، اس میں اہلِ تیماء کی مصالحت کا واقعہ بھی ہے۔

تیماء مدینے سے شام کے راستے میں ایک معروف شہر تھا۔ اہلِ تیماء نے ازخود آنحضور ﷺ کی خدمت میں صلح کی پیشکش کی تھی، جسے آپؐ نے قبول فرمایا اور تیماء کے یہود کو اپنے مال و متاع کے ساتھ اپنے علاقے میں رہنے کی اجازت دے دی۔

اسی موقعے پر نمازِ فجر کی ادائیگی میں تاخیر کا بھی ذکر ملتا ہے۔ اس کی تفصیل یوں ہے کہ آنحضور ﷺ اپنے ساتھیوں کے ساتھ غزوۂ خیبر سے لوٹتے وقت ساری رات چلتے رہے، پھر جب آپؐ کو نیند آئی تو مدینے کے قریب آرام کے لیے پڑاؤ کیا، اور بلالؓ سے فرمایا کہ آج کی رات تم ہماری نماز کے وقت کی حفاظت کرو۔ حضرت بلالؓ جاگنے کے لیے نفل پڑھتے رہے، اور آنحضرت ﷺ اور صحابہؓ سو گئے۔ جب فجر کا وقت قریب آیا تو حضرت بلالؓ نے اپنی سواری کا سہارا لیا تو بلال پر بھی نیند غالب آگئی۔ پس نہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہؓ میں سے کسی کی آنکھ کھلی اور نہ ہی حضرت بلالؓ کی آنکھ کھلی، یہاں تک کہ دھوپ ان لوگوں پر پڑی اور پھر رسول اللہ ﷺ سب سے پہلے جاگے۔ آنحضور ﷺ فکرمند ہوئے اور آپؐ نے بلالؓ سے استفسار فرمایا۔ پھر آپؐ نے وہاں سے چلنے کا حکم دیا اور تھوڑی دُور جاکر رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا اور صبح کی نماز باجماعت پڑھائی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ

جو شخص نماز کو بھول جائے اسے چاہیے کہ یاد آنے پر اُسے پڑھ لے کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے کہ نماز کو میرے ذکر کے لیے قائم کرو۔

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ مدینے واپس آتے ہوئے لوگ بلند آواز میں تکبیرات کہنے لگے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا:

اپنی آوازیں دھیمی رکھو تم کسی بہرے یا غیر حاضر کو نہیں پکار رہے۔

مسلمانوں کا یہ سفر جو محرم سات ہجری کو شروع ہوا تھا، خدا تعالیٰ کے افضال اور کامیابیاں سمیٹتا ہوا صفر کے اختتام یا ربیع الاوّل کے آغاز میں واپسی پر مکمل ہوا۔

مسلمانوں کے حق میں فتح خیبر کے بہت سے اثرات ظاہر ہوئے جن میں ایک بنیادی اثر یہ ہوا کہ عرب میں اردگرد کے بہت سے قبائل جو مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا ارادہ رکھتے تھے، خوف زدہ ہوگئے، کئی قبائل نے ازخود صلح کا ہاتھ بڑھایا، کچھ نے اطاعت قبول کرنے میں عافیت جانی۔

فتح خیبر کا ایک بڑا اثر یہ ہوا کہ جزیرہ نما عرب میں یہود کی طاقت

ختم ہو کر رہ گئی۔ پھر اس فتح کا مدینے کے مسلمانوں کی معیشت پر بڑا مثبت اثر پڑا، حضرت عائشہؓ سمیت کئی صحابہؓ بیان کرتے ہیں کہ خیبر کی فتح کے بعد ہمیں پیٹ بھر کر کھانا نصیب ہوتا تھا۔

اس کے بعد غزوہ ذات الرقاع کا ذکر ہے۔

اس غزوہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس علاقے میں ایک درخت یا پہاڑ تھا جس کے نام پر اس غزوے کا یہ نام پڑ گیا، ایک اور وجہ یہ بیان ہوئی ہے کہ اس غزوے میں صحابہؓ کے پاس سواریاں بہت تھوڑی تھیں، اور سفر کی شدت اور سنگلاخ زمین پر چلنے کی وجہ سے صحابہؓ کے پاؤں زخمی ہو گئے تھے اور وہ پھٹے پرانے کپڑوں سے پٹیاں بنا کر زخموں پر باندھتے تھے، کپڑے کی پٹیوں کو چونکہ رقاع کہا جاتا ہے اس لیے اس غزوے کا یہ نام پڑ گیا۔

اس غزوے کی تاریخ میں اختلاف ہے۔ کتب تاریخ وسیرت میں اس کی تاریخ ۴یا ۵ /ہجری مذکور ہے، جبکہ امام بخاری نے ایک قوی شہادت کی بنا پر اسے غزوہ خیبر کے بعد ۷ /ہجری کا قرار دیا ہے۔حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے بھی اپنے نوٹس میں اسے غزوہ خیبر کے بعد ۷ /ہجری میں رکھا ہے۔

اس غزوے کا سبب یہ تھا کہ نجد کے علاقے میں بعض راہزن اور ڈکیت مسافروں کو تنگ کیا کرتے تھے، ان پر قابو پانا مشکل تھا۔ اسی طرح اس غزوے کا ایک سبب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ایک تاجر مدینے آیا اور اس سے اہلِ مدینہ کو یہ اطلاع ملی کہ اہلِ ثعلبہ اور دیگر قبائل مسلمانوں کے خلاف لشکر کشی کا ارادہ رکھتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کو یہ خبر ملی تو آپؐ نے اس مہم جوئی کا ارادہ فرمایا۔ آپؐ مدینے سے چارسَو، سات سَو یا آٹھ سَو ساتھیوں کے ساتھ اس غزوے کے لیے روانہ ہوئے۔

اس غزوے میں صلوٰۃ الخوف ادا کیے جانے کا بھی ذکر ہے۔

حضرت جابرؓ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نخل سے ذات الرقاع گئے اور وہاں غطفان کے لشکر سے سامنا ہوا مگر کوئی لڑائی نہ ہوئی، البتہ آمنے سامنے ہوتے ہوئے حملے کا خطرہ رہا، اس دوران جب نماز کا وقت ہوا تو آپؐ نے صلوٰۃِ خوف ادا فرمائی۔ یعنی ایسی نماز جس میں آدھے لوگ نصف نماز میں شامل ہوئے اور پھر پیچھے ہٹ گئے، اور بقیہ آدھے لوگ آ گئے اور انہوں نے بھی آپؐ کے ساتھ نماز پڑھی۔ اس نماز کا ذکر سورۃ النساء میں فرمایا گیا ہے کہ ایسی خوف کی حالت میں کس طرح نماز پڑھی جائے۔

شارح بخاری علامہ بدر الدین عینی لکھتے ہیں کہ صلوٰۃ خوف کے بارے میں اختلاف ہے کہ پہلی بار کس سال اس کے بارے میں حکم نازل ہوا۔ جمہور علماء کا کہنا ہے کہ غزوہ ذات الرقاع میں یہ نماز پہلی بار پڑھی گئی، مگر اس کا حکم کب نازل ہوا اس میں علماء کا اختلاف ہے، کسی نے اس کا حکم ۴، کسی نے ۵، کسی نے ۶ اور کسی نے ۷ /ہجری کا قرار دیا ہے۔

پندرہ دن کی اس مہم کے بعد آپؐ واپس مدینے کی جانب روانہ ہوئے۔ اس غزوے کو معجزات کا غزوہ بھی قرار دیا گیا ہے۔

آپؐ پر ایک دشمن کی جانب سے تلوار سونتے جانے کا واقعہ اسی غزوے کے دوران پیش آیا تھا۔

اسی غزوے کے دوران ایک پرندے کا واقعہ بھی پیش آیا، جس کی تفصیل یوں ہے کہ اس غزوے کے دوران صحابہؓ میں سے ایک شخص آنحضور ﷺ کی خدمت میں پرندے کا ایک بچّہ لے کر آیا، آنحضور ﷺ اس کی طرف دیکھ رہے تھے کہ اُس پرندے کی ماں یا باپ میں سے ایک نے اُس صحابی کے سامنے خود کو گرا دیا گویا اپنا آپ اُس صحابی کے سامنے پیش کر دیا۔ لوگ اس منظر کو تعجب سے دیکھ رہے تھے، آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ تم لوگ اس پرندے پر تعجب کرتے ہو، تم نے اس کے بچّے کو پکڑ لیا ہے اور یہ پرندہ اپنے بچّے کو آزاد کروانے کے لیے اپنا آپ تمہارے سامنے پیش کر رہا ہے۔ اللہ کی قسم! تمہارا ربّ اس پرندے کے اپنے بچّے پر رحم کرنے سے زیادہ تم پر رحم کرتا ہے۔

اسی طرح اس غزوے کے دوران ایک جنونی بچّے کی شفایابی کا واقعہ بھی بیان ہوا ہے۔

اس کی تفصیل یوں ہے کہ اس سفر کے دوران ایک دیہاتی عورت آنحضور ﷺ کے پاس آئی اور کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے اور اس پر شیطان غالب آچکا ہے، یعنی اس پر جنون کا حملہ ہوتا ہے۔ آنحضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن اس بچّے کے منہ میں ڈالا اور فرمایا کہ اے اللہ کے دشمن! اس سے دُور ہوجا، مَیں اللہ کا رسول ہوں۔ یہ کلمات آپؐ نے تین دفعہ فرمائے اور پھر حکم دیا کہ اس بچّے کو لے جاؤ اب اسے یہ تکلیف پھر کبھی نہیں ہوگی۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ اس غزوے کے دوران علبہ بن زید حارثی آنحضور ﷺ کی خدمت میں تین انڈے لائے جوکہ شتر مرغ کے انڈے دینے کی جگہ پر پڑے تھے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اے جابر! یہ انڈے لےلو اور انہیں پکاؤ۔ جابرؓ کہتے ہیں مَیں نے وہ انڈے پکائے اور پھر روٹی تلاش کی مگر نہ ملی۔ اس پر آنحضور ﷺ اور آپؐ کے ساتھی روٹی کے بغیر ہی وہ انڈے کھانے لگے، یہاں تک کہ وہ سیر ہوگئے، مگر پیالے میں وہ انڈے اُسی طرح موجود تھے۔ پھر صحابہؓ میں سے بہت سے لوگوں نے اس میں سے کھایا اور پھر ہم آگے روانہ ہوگئے۔

اسی سفر کے دوران ایک اونٹ حضور ﷺ کے پاس تیزی سے آیا اور اس نے چلّانا شروع کر دیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ اس اونٹ نے کیا کہا ہے؟ یہ اپنے آقا کی شکایت کر رہا ہے کہ اس کا آقا کئی سالوں سے اس سے خدمت لے رہا ہے اور اب وہ اسے ذبح کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ آپؐ نے اس کے مالک کو بلایا اور فرمایا کہ تم اس اونٹ کو میرے ہاتھ بیچ دو۔ پھر آپؐ نے اس اونٹ کو خرید کر جنگل میں چرنے کے لیے چھوڑ دیا۔

اسی غزوے میں حضرت جابرؓ کا اونٹ گم ہوگیا تھا، آپؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک اندھیری رات میں میرا اونٹ گم ہوگیا۔ مَیں اسے تلاش کرتے ہوئے حضور ﷺ کے پاس سے گزرا اور آپؐ کے استفسار پر بتایا کہ میرا اونٹ گم ہوگیا ہے تو آپؐ نے فرمایا کہ تیرا اونٹ فلاں جگہ پر ہے، جا اور اسے لے لے۔ جابرؓ کہتے ہیں کہ مَیں اس جگہ پر گیا مگر وہاں مجھے اونٹ نہ ملا، مَیں واپس حاضر ہوا تو آپؐ نے دوبارہ وہیں جانے کا ارشاد فرمایا۔ مَیں دوبارہ وہاں گیا مگر اونٹ نہ ملا۔ اس پر آپؐ شفقت فرماتے ہوئے میرے ساتھ وہاں گئے، یہاں تک کہ ہم اونٹ تک پہنچ گئے پھر آپؐ نے مجھے اونٹ پکڑا دیا۔

غرض اس غزوے میں کئی معجزات کا ذکر ہے، مثلاً اسی غزوے میں حضرت جابرؓ کا ایک اونٹ سست ہوگیا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے کچھ پانی لے کر اس پر پھونک ماری اور اس اونٹ کی کمر، سر اور پیٹھ پر وہ پانی چھڑک دیا۔ پھر آپؐ نے سونٹی سے اس اونٹ کو چند ضربیں لگائیں جس پر وہ اونٹ تیز ہوگیا۔

اسی طرح اس غزوے کے دوران لگن میں پانی بڑھ جانے اور معجزانہ برکت کا واقعہ بھی ملتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعودؑ آنحضور ﷺ کے اسی قسم کے معجزانہ واقعات کے متعلق فرماتے ہیں کہ اس درجہ لقا میں بعض اوقات انسان سے ایسے امور سرزد ہوتے ہیں کہ جو بشریت کی طاقتوں سے بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اور الٰہی طاقت کا رنگ اپنے اندر رکھتے ہیں۔ جیسے ہمارے سید و مولیٰ سید الرسل حضرت خاتم الانبیاء ﷺ نے جنگِ بدر میں ایک سنگریزوں کی مٹھی کفار پر چلائی اور وہ مٹھی کسی دعا کے ذریعے سے نہیں بلکہ خود اپنی روحانی طاقت سے چلائی مگر اس مٹھی نے خدائی طاقت دکھلائی اور مخالف کی فوج پر ایسا خارق عادت اس کا اثر پڑا کہ کوئی ان میں سے ایسا نہ رہا جس کی آنکھ پر اس کا اثر نہ پہنچا ہو، اور وہ سب اندھوں کی طرح ہوگئے... اسی قسم کے اور بھی بہت سے معجزات ہیں، جو صرف ذاتی اقتدار کے طور پر آنحضرت ﷺ نے دکھلائے جن کے ساتھ کوئی دعا نہ تھی۔

حسن ظن ایک عبادت ہے

شاہد احمد ملک مربی سلسلہ

قارئین کرام! حسنِ ظن ایک ایسی اعلیٰ خصلت ہے جو نہ صرف دلوں کو جوڑتی ہے بلکہ ایک مومن کے اخلاق کو جلا بخشتی ہے۔ اس کے برعکس بدگمانی انسان کے تعلقات کو کمزور اور محبت کو زائل کر دیتی ہے۔ حسنِ ظن یہ ہے کہ ہم دوسروں کے بارے میں اچھا گمان کریں اور ان کے اعمال کو بہتر زاویے سے دیکھنے کی کوشش کریں۔ جبکہ سوءِ ظن یہ ہے کہ بغیر تحقیق اور وضاحت کے کسی کے بارے میں منفی رائے قائم کر لی جائے۔

قرآن کریم میں ارشاد الٰہی ہے کہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

(الحجرات: ۱۳)

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچتے رہا کرو کیونکہ بعض گمان گناہ بن جاتے ہیں۔ قارئین کرام! کیا آپ کو پتہ ہے کہ حسن ظن اور سوئے ظن میں کیا فرق ہے؟ اگر آپ کسی آدمی کو روتا ہوا دیکھیں تو حسن ظن رکھنے والا شخص یہ کہے گا کہ اس پر کوئی مصیبت آن پڑی ہے اور مجھے اس کی ہر ممکن مدد کرنی چاہئے۔ اس کے برعکس سوئے ظن رکھنے والا شخص کہے گا کہ اس نے کوئی غلط کام کیا ہے اس لئے اچھا ہوا جو بھی ہوا۔ آپ کی اس منفی سوچ کے سبب نہ صرف وہ شخص مزید پریشان ہوگا بلکہ اُلٹا اپنی اس عادت میں گھر جائے گا اور آپ سے بھی متنفر ہوجائے گا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم جہاں تک ہو سکے کسی سے متعلق بدگمانی کرنے سے بچیں کیونکہ یہ ایک گناہ بھی بن سکتی ہے اور جب تک کسی معاملے سے متعلق خوب وضاحت نہ ہوجائے ہم اپنی طرف سے قیاس آرائیاں نہ کریں بلکہ ہمیشہ ایک مثبت اور پائیدار سوچ کے مالک ہوں۔ پیارے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ

حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ العِبَادَةِ

(مسند احمد وابو داؤد)

حسنِ ظن کے ضمن میں آپ کے سامنے ایک بہت پیارا اور حسن ظنی سے بھر پور واقعہ رکھتا ہوں، جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایک مرتبہ ایک شخص کو چوری کرتے دیکھا مگر اس شخص نے بعد میں خدا کی قسم کھا کر انکار کر دیا۔ جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ میں تمہاری قسم پر اعتبار کرتا ہوں اور اپنے آپکو جھٹلاتا ہوں۔ یعنی آپ نے ایک شخص کے قسم کھا لینے پر کمال حسنِ ظن سے کام لیا حالانکہ آپ نے خود اسے دیکھا تھا مگر کسی قسم کی سختی اور جھگڑے سے کام نہ لیا اور معاملہ خدا تعالیٰ کے حوالے کر دیا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”میں دیکھتا ہوں کہ اس وقت اخلاقی حالت بہت ہی گری ہوئی ہے۔ اکثر لوگوں میں بدظنی کا مرض بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ وہ

اپنے بھائی کی نسبت برے برے خیالات کرنے لگتے ہیں اور ایسے عیوب اس کی طرف منسوب کرنے لگتے ہیں کہ اگر وہی عیوب ان کی طرف منسوب ہوں تو ان کو سخت ناگوار معلوم ہوں۔ اس لئے اول ضروری ہے کہ حتی الوسع اپنے بھائیوں پر بدظنی نہ کی جائے۔ اور ہمیشہ نیک ظن رکھا جائے کیونکہ اس سے محبت بڑھتی ہے اور انس پیدا ہوتا ہے۔ اور آپس میں قوت پیدا ہوتی ہے اور اس کے باعث انسان بعض دوسرے عیوب مثلاً کینہ، بغض، حسد سے بچا رہتا ہے۔''

(ملفوظات جلد ۴ ص ۲۱۴، ۲۱۵)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ بدظنی سے منع فرماتے ہوئے نصیحت کرتے ہیں کہ

''بدظنی سے بچو کیونکہ بدظنی سخت قسم کا جھوٹ ہے اور بدظنی ایک ایسی چیز ہے جو بسا اوقات ہمارے معاشرے میں اتنی پائی جاتی ہے کہ بدظنی کے بعد پھر اور کہانیاں بنتی چلی جاتی ہیں۔ اور انسان کہتا ہے کہ فلاں نے یہ کام کیا یوں کیا ہوگا۔۔۔ ایسا بے ہودہ طریق ہے جو آنحضرت ﷺ کی کھلی نصائح کو ترک کرنے اور ان کو اہمیت نہ دینے کے نتیجے میں ہماری سوسائٹی میں رفتہ رفتہ پیدا ہوجاتا ہے۔''

(خطبہ جمعہ ۲۵ نومبر ۱۹۹۵ء)

پس آیئے! ہم اپنی زندگی میں یہ عہد کریں کہ ہم دوسروں کے بارے میں اچھے گمان رکھیں گے، اپنی زبان اور دل کو بدگمانی سے بچائیں گے اور ہر حال میں مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ اس طرح ہم نہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کریں گے بلکہ ایک پُرسکون اور محبت سے بھرا معاشرہ بھی قائم کریں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حسنِ ظن اختیار کرنے اور بدگمانی سے بچنے کی حقیقی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

حسنِ ظن آزماؤ خدا سے ڈرو
دیکھو چغلی نہ کھاؤ خدا سے ڈرو

HR
Sk. Anas Ahmad
Mob : 9861084857
9583048641
email : anash.race@gmail.com

H. R. ALUMINIUM & STEEL
We Deal with all Types of Aluminium & Steel Works
Sliding Window, Door, Partition, ACP Work,
Glazing, Steel Railing etc.
Sivananda Complex, Machhuati, Near Salipur SBI

NUSRAT
MOTORS RE-WINDING
Cell : 9902222345
9448333381

Spl. in :
All Types of Electrical Motor Re-Winding,
Pump Set, Starters & Panel Repairing Centre.
HATTIKUNI ROAD, YADGIR - 585201

JMB Rice mill Pvt. Ltd.
At. Tisalpur, P.O. Rahanja, Bhadrak, Pin-756111
Ph. : 06784 - 250853 (O), 250420 (R)

"انسان کی ایک ایسی فطرت ہے کہ وہ خدا کی محبت اپنے اندر مخفی رکھتی ہے پس جب وہ محبت تزکیہ نفس سے بہت صاف ہو جاتی ہے اور مجاہدات کا صیقل اس کی کدورت کو دور کر دیتا ہے تو وہ محبت خدا کے نور کا پرتوہ حاصل کرنے کے لئے ایک مصفا آئینہ کا حکم رکھتی ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو جب مصفا آئینہ آفتاب کے سامنے رکھا جائے تو آفتاب کی روشنی اس میں بھر جاتی ہے۔"

(کلام امام الزمان)



AHMAD FRUIT AGENCY
Commission & Forwarding Agents :
Asnoor, Kulgam (Kashmir)
Hqrt. Dar Fruit Co.
Kulgam
B.O. Ahmad Fruits
Mobiles : 9622584733,7006066375,9797024310

AL-BADAR
M.OMER . 7829780232
ZAHED . 6363220415
STEEL & ROLLING SHUTTERS

ALL KINDS OF IRON STEEL
- SHUTTER PATTI. GUIDE BOTTOM.
- ROUND RODS, SQUARE RODS.
- ROUND PIPE , SQUARE PIPES.
- BEARINGS, FLATS.
- SPRINGS, ANGLES.

Shop No.1-1-185/30A OPP.KALLUR RICE MILL .
HATTIKUNI ROAD YADGIR

CKS TIMBERS
"the wood for all Your needs"
TEAK,ROSEWOOD,IMPORTED WOODS,SAWN SIZES & WOODEN FURNITURE,CRANE SERVICE
VANIYAMBALAM - 679339,MALAPPURAM Dt. ,KERALA
Mobile:9447136192,9446236192,9746663939
:cktimbers@gmail.com
:www.ckstimbers.com

نرم اور پاک زبان کا استعمال

عمران احمد ناصر مربی سلسلہ

انسان کی شخصیت کا سب سے پہلا تعارف اس کی زبان اور طرزِ گفتگو سے ہوتا ہے۔ اگر ہماری زبان سخت اور تلخ ہو تو دلوں میں نفرت پیدا ہوتی ہے اور تعلقات کمزور ہوجاتے ہیں، لیکن اگر ہماری باتوں میں نرمی اور محبت ہو تو دلوں کو فتح کرنے میں دیر نہیں لگتی۔ ایک میٹھا جملہ اور مسکراہٹ دوسروں کے دل پر ایسا اثر ڈالتی ہے جو سخت لہجہ کبھی نہیں ڈال سکتا۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ:

وَقُوۡلُوۡا لِلنَّاسِ حُسۡنًا (البقرۃ ۸۴)

اور تم لوگوں سے نرمی کے ساتھ بات کیا کرو۔

رسولِ کریم ﷺ نے اپنی سیرت سے یہ سبق دیا کہ نرم کلامی دلوں کو جوڑنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ آپؐ کے اعلیٰ اخلاق کا یہ حال تھا کہ مخالفین کی سخت باتیں اور بد کلامی بھی آپؐ کو صبر سے نہیں ہلا سکتی تھیں۔ آپؐ ہمیشہ جواب میں دعا اور خیر خواہی سے پیش آتے۔ آپؐ نے فرمایا:۔ طُوبَىٰ لِمَنْ مَلَكَ لِسَانَهُ، وَوَسِعَهُ بَيْتُهُ، وَبَكَىٰ عَلَىٰ خَطِيئَتِهِ خوش نصیب ہے وہ شخص، جس کی زبان اس کے قابو میں ہو۔ اس کا مکان (مہمانوں کے لئے) کشادہ ہو اور وہ اپنے گناہوں پر روئے۔ اسی طرح ایک اور جگہ پر آپؐ کو اور آپ کے ذریعہ اپنے بندوں کو قرآن مجید میں ماں باپ سے متعلق خدا تعالیٰ نے وصیت فرمائی ہے کہ۔ وَقُلۡ لَّهُمَا قَوۡلًا كَرِيۡمًا ۔ (بنی اسرائیل ۲۴)

کہ تو ان دونوں سے نرمی سے بات کر۔

حضرت مسیح موعودؑ کے دعویٰ کے وقت بہت سے لوگوں نے آپ کو گالیاں دیں اور بدخلقی سے پیش آئے۔ مگر آپ کا صبر حیرت انگیز تھا۔ کبھی کسی سے سختی نہیں کی۔ اور نہ ہی جھڑکا۔ آپ نے ایک دفعہ گالی سن کر جواباً فرمایا۔

’’گالیاں دیتے ہیں اس کی تو مجھے پرواہ نہیں ہے۔ بہت سے خطوط گالیوں کے آتے ہیں جن کا مجھے محصول بھی دینا پڑتا ہے اور کھولتا ہوں تو گالیاں ہوتی ہیں۔ اشتہاروں میں گالیاں دی جاتی ہیں اور اب تو کھلے لفافوں پر گالیاں لکھ کر بھیج دیتے ہیں مگر ان باتوں سے کیا ہوتا ہے اور کیا خدا کا نور کہیں بجھ سکتا ہے؟ ہمیشہ نبیوں، راستبازوں کے ساتھ ناشکروں نے یہی سلوک کیا۔ میں بنی نوع انسان کا حقیقی خیر خواہ ہوں۔ جو مجھے دشمن سمجھتا ہے وہ خود اپنی جان کا دشمن ہے۔‘‘ (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۱۲۶)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:

’’نرمی کی عادت ڈالو تا کہ خدا تعالیٰ بھی تمہارے سے نرمی سے پیش آئے۔ ورنہ اگر تم خدا تعالیٰ کی مخلوق پر درشتی کرتے ہو تو تم بھی اپنے آپ کو اس بات کا حق دار بناتے ہو کہ خدا تعالیٰ تم پر درشتی کرے۔‘‘ (انوار العلوم جلد ۵ صفحہ ۴۳۶)

گالیاں سُن کے دعا دیتا ہوں ان لوگوں کو
رحم ہے جوش میں اور غیظ گھٹایا ہم نے

(درثمین)

پس ہمیں چاہئے کہ اپنی زبان کو ہمیشہ میٹھا اور دلکش بنائیں۔ ہمارے الفاظ دوسروں کے لئے راحت اور سکون کا باعث ہوں۔ یہی طرزِ کلام ہماری دنیا اور آخرت کو سنوارنے کا ذریعہ بنے گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی گفتگو کو سنوارنے، دلوں کو جوڑنے اور نرمی و محبت کے ساتھ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

غیبت سے اجتناب

نجیب اللہ نائک مربی سلسلہ

اللہ تعالیٰ نے اُمتِ مسلمہ کو ایک نہایت قبیح اور خطرناک عادت یعنی غیبت سے سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے۔قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اورتم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا۔ ہرگز نہیں بلکہ تم اس حرکت سے نفی کرو گے۔ پس تم اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ بہت توبہ قبول کرنے اور باربار رحم کرنے والا ہے۔ (الحجرات ۱۳)

غیبت کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے بھائی یا ساتھی کی غیر موجودگی میں ایسی بات زبان پر لائے جوسن کر وہ برامانے۔ اس بری عادت کے نتیجہ میں دلوں میں کینہ، حسد اور دشمنی پیدا ہوتی ہے اور محبت واتفاق کی فضا بگڑ جاتی ہے۔حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک موقع پر غیبت اور بہتان کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر وہ عیب تمہارے بھائی میں پایا جاتا ہے جو تم نے اس کی پیٹھ پیچھے بیان کیا تو یہ غیبت ہے اور اگر تم نے وہ بات اس سے متعلق کی جو اس میں نہیں پائی جاتی تو یہ بہتان ہے۔ (مسلم کتاب البر والصلة)

قارئینِ کرام! ہمارا دین اسلام بھائی چارے، محبت اور اخوت کا پیغام دیتا ہے۔لیکن غیبت کرنے سے دشمنی کی دیواریں کھڑی ہوجاتی ہیں اور یہ عمل دوسروں کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ خود انسان کے لیے بھی باعثِ وبال بنتا ہے۔ اصلاح کا درست طریق یہ ہے کہ کسی کے عیب کو اس کی غیرموجودگی میں بیان کرنے کے بجائے، موقع محل دیکھ کر نرمی اور محبت سے اس کے سامنے بیان کیا جائے تاکہ اس کی اصلاح ہوسکے۔حضرت مسیح موعود ایک جگہ جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''ہماری جماعت کو چاہئے کہ کسی بھائی کا عیب دیکھ کر اس کے لئے دعا کریں لیکن اگر وہ دعا نہیں کرتے اور اس کو بیان کرکے دور سلسلہ چلاتے ہیں تو گناہ کرتے ہیں۔ کونسا ایسا عیب ہے جو کہ دور نہیں ہو سکتا۔ اسلئے ہمیشہ دعا کے ذریعہ دوسرے بھائی کی مدد کرنی چاہئے''

اس نصیحت کے ساتھ ہی آپ علیہ السلام نے ایک واقعہ بیان فرمایا کہ ایک صوفی کے دو مرید تھے۔ ایک نے شراب پی اور نالی میں بے ہوش ہوکر گرا۔ دوسرے نے صوفی سے شکایت کی، تو اس نے کہا کہ تو بڑا بے ادب ہے اس کی شکایت کرتا ہے اور جاکر اُٹھا نہیں لاتا۔ وہ اُسی وقت گیا اور اسے اٹھا کر لے چلا۔ (ملفوظات جلد ۴ ص ۶۰)

اس واقعہ سے ہمیں غیبت سے اجتناب کرنے اور دلی خلوص کے ساتھ ایک دوسرے کی اصلاح کرنے کا درس ملتا ہے۔ ایک جگہ حضرت مصلح موعود غیبت سے اجتناب کی تلقین کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ:

''غیبت کے متعلق بعض لوگوں میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ اگر کسی کا کوئی سچا عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کیا جائے تو وہ غیبت میں داخل نہیں ہوتا۔ ہاں اگر جھوٹی بات کی جائے تو وہ غیبت ہوتی ہے حالانکہ یہ صحیح نہیں۔ غیبت کا اطلاق ہمیشہ ایسی سچی بات پر ہوتا ہے جو کسی دوسرے کو بدنام کرنے کے لئے اس کی غیر موجودگی میں بیان کی جائے اگر جھوٹی بات بیان کی جائے گی تو وہ غیبت نہیں بلکہ بہتان ہوگا۔'' (تفسیر کبیر جلد ۹ ص ۵۷۹)

یہ بھی ضروری ہے کہ ہم یہ سمجھیں کہ غیبت صرف جھوٹی بات نہیں بلکہ سچی بات بھی جب کسی کے پیچھے بیان کی جائے اور اس سے اس کی بدنامی مقصود ہو تو وہ بھی غیبت ہے۔ اس لیے چاہے بات درست ہو یا غلط، کسی کی برائی اس کی غیرموجودگی میں بیان کرنا درست نہیں۔

پس ہمیں چاہئے کہ اپنی محفلوں اور باتوں میں ایسے الفاظ اور موضوعات اختیار کریں جو بھائی چارے کو بڑھائیں، دشمنی کو کم کریں اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہوں۔ غیبت جیسی بری عادت سے بچنا ہی حقیقی کامیابی ہے۔

کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اہمیت

اسد فرحان مربی سلسلہ

اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ازل سے جاری ہے کہ وہ انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے اپنے برگزیدہ انبیاء کو مبعوث فرماتا ہے۔ یہ انبیاء اللہ اور اس کی مخلوق کے درمیان زندہ تعلق کا ذریعہ بنتے ہیں اور انسانیت کو نورِ ہدایت عطا کرتے ہیں۔ ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے غلام صادق کے طور پر اس زمانہ میں حضرت مسیح موعودؑ مبعوث ہوئے۔ آپؑ نے تلوار کے بجائے قلم کے ذریعے اسلام کی فتح و نصرت کا کام سرانجام دیا اور سینکڑوں مضامین، تقاریر اور درجنوں کتب تصنیف فرمائیں۔

یہ کتب محض انسانی ذہن کی پیداوار نہیں بلکہ الٰہی تائید اور نصرت کے نتیجہ میں وجود میں آئیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں دینِ اسلام کا خالص اور اجلا چہرہ جھلکتا ہے۔ آج کے اس دورِ فتن میں، جب کہ غلط خیالات اور باطل نظریات تیزی سے پھیل رہے ہیں، حضرت مسیح موعودؑ کی تحریریں ہمارے لئے روشنی کا مینار ہیں۔ ان کتب کا مطالعہ نہ صرف ہمارے ایمان کو تازگی بخشتا ہے بلکہ دینِ حق کی صحیح تصویر بھی سامنے لاتا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''میں تو ایک حرف بھی نہیں لکھ سکتا اگر خدا تعالیٰ کی طاقت میرے ساتھ نہ ہو بارہا لکھتے لکھتے دیکھا ہے ایک خدا کی روح ہے جو تیر رہی ہے قلم تھک جایا کرتی ہے مگر اندر جوش نہیں تھکتا، طبیعت محسوس کیا کرتی ہے کہ ایک ایک حرف خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے'' (ملفوظات جلد دوئم ص ۴۳۸)

اسی طرح ایک اور موقع پر فرمایا۔

''اور وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے ایک حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہوتا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ۔''

(نزول المسیح روحانی خزائن جلد ۱۸ ص ۴۰۳)

اگر ہم آج دعوت الی اللہ کے میدان میں ترقی کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے دعا کے بعد سب سے اہم ہتھیار حضرت مسیح موعودؑ کی کتب ہیں، جن کو پڑھ کر انسان تمام حقائق و معارف کو پالیتا ہے۔ حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں کہ

''جو کتابیں ایک ایسے شخص نے لکھی ہوں جس پر فرشتے نازل ہوتے تھے ان کے پڑھنے سے بھی ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت صاحب کی کتابیں جو شخص پڑھے گا اس پر فرشتے نازل ہونگے۔ یہ ایک خاص نکتہ ہے کیونکہ حضرت صاحب کی کتابیں پڑھتے ہوئے نکات اور معارف کھلتے ہیں اور جب پڑھو جب ہی خاص نکات اور برکات کا نزول ہوتا ہے۔'' (ملائکۃ اللہ صفحہ ۱۰۸)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ کہ

''ہر گھرانہ میں کتب حضرت مسیح موعود موجود ہوں اور زیر مطالعہ ہوں اور انہیں بچوں کو پڑھانے کا انتظام ہو''

(الفضل ۲۹ اکتوبر ۱۹۷۷)

پس ہمیں چاہیے کہ قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے علاوہ ہم کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مطالعہ بھی کیا کریں تا ہماری روحانیت ترقی کرے۔ اللہ کرے کہ ہم اِن روحانی خزائن سے کما حقہ فائدہ حاصل کرنے والے بنیں۔ آمین

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر ملے کوئی امیدوار

پس ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی علمی و روحانی پیاس بجھانے کے لئے ان کتب سے گہرا تعلق قائم کریں اور ان سے وہ روشنی حاصل کریں جو ہمارے دل و دماغ کو منور اور زندگیوں کو سنوارنے والی ہے۔

ظالم اور مظلوم ایک نفسیاتی جائزہ

حافظ سید اعزاز الدین مربی سلسلہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر بے شمار صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ اس کی فلاح و بہبود کے لئے خدا تعالیٰ نے ہمیشہ اپنی طرف سے راہنما مبعوث فرمائے جو انسانوں ہی میں سے ہوتے ہیں اور بشری صفات رکھتے ہیں۔ یہ انبیاء و مرسلین قولی اور فعلی دونوں پہلوؤں سے انسانوں کی رہنمائی کرتے ہیں تا کہ وہ اپنے خالق کی محبت اور رضا حاصل کر سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے اس عظیم الشان نظام ہدایت کو ہمیشہ کے لئے محفوظ بھی فرما دیا ہے۔ حضرت آدمؑ کی تخلیق اور ان سے متعلقہ واقعات کو بطور نمونہ محفوظ کر کے ایک ایسا روحانی نظام قائم فرمایا جس میں ایک طرف فرشتے ہیں جو الٰہی احکام کے مطابق دنیا میں نیکی اور ہدایت کی طرف راہنمائی کرتے ہیں، تو دوسری طرف ابلیس اور اس کی جماعت کو بھی ایک مہلت دی گئی ہے تا کہ وہ انسان کو بہکانے اور گمراہی میں ڈالنے کی کوششیں کرتے رہیں۔ اس کے متعلق امام الزمان حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''حقیقت یہ ہے کہ جب دنیا میں کوئی امام الزمان آتا ہے تو ہزار ہا انوار اس کے ساتھ آتے ہیں اور آسمان میں ایک صورت انبساطی پیدا ہو جاتی ہے اور انتشار روحانیت اور نورانیت ہو کر نیک استعدادیں جاگ اٹھتی ہیں پس جو شخص الہام کی استعداد رکھتا ہے اس کو سلسلہ الہام شروع ہو جاتا ہے اور جو شخص فکر اور غور سے دینی تفقہ کی استعداد رکھتا ہے اس کے تدبّر اور سوچنے کی قوت کو زیادہ کیا جاتا ہے اور جس کو عبادات کی طرف رغبت ہو اس کو تعبد اور پرستش میں لذت عطا کی جاتی ہے۔ اور جو شخص غیر قوموں کے ساتھ مباحثات کرتا ہے اس کو استدلال اور اتمام حجت کی طاقت بخشی جاتی ہے۔ اور یہ تمام باتیں درحقیقت اسی انتشار روحانیت کا نتیجہ ہوتا ہے جو امام الزمان کے ساتھ آسمان سے اترتی اور ہر ایک مستعد کے دل پر نازل ہوتی ہے۔ اور یہ ایک عام قانون اور سنت الٰہی ہے جو ہمیں قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کی رہنمائی سے معلوم ہوا''۔

(ضرورۃ الامام، روحانی خزائن جلد ۱۳ صفحہ ۴۷۵۔۴۷۴)

نور اور نار، حق اور باطل کی کشمکش ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ چنانچہ ایک طرف روحانیت کے پھیلاؤ سے وابستہ تعمیری کارنامے ہوتے ہیں، تو دوسری طرف ابنائے ابلیس کی طرف سے تخریبی سرگرمیوں کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔ اس مقابلے میں انجام کار الٰہی تقدیر ہی غالب آتی ہے، کیونکہ نور کے مقابلے میں نار کبھی ٹھہر نہیں سکتا، اور حق کے سامنے باطل کبھی جم نہیں سکتا۔

اس دائمی کشمکش کے پیچھے ایک نفسیاتی (سائیکولوجیکل) پہلو بھی موجود ہے۔ ہر وجود اپنی بقا کا خواہاں ہوتا ہے اور اس کے لئے مسلسل جدوجہد کرتا ہے۔ جب وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کے وجود کو خطرہ لاحق ہے اور اگر چوک گیا تو فنا ہو جائے گا، تو وہ مزاحمت پر اُتر آتا ہے اور اپنی بقا کی کوشش میں ہاتھ پاؤں مارنے لگتا ہے۔

چنانچہ ہم دنیا میں دیکھتے ہیں کہ جنگل میں تمام جانور سکون سے چرتے پھرتے ہیں، لیکن جب ان کے سامنے شیر آ جاتا ہے تو سب کا چین و سکون ختم ہو جاتا ہے۔ سارے جانور یا تو بھاگنے لگتے ہیں یا پھر مل کر مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، محض اس لئے کہ شیر کے وجود سے اُن کے اپنے وجود کی بقا کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔

چھٹی صدی عیسوی کے قریب مکہ میں ایک صاحبِ بصیرت

جوہر شناس، ورقہ بن نوفل ہوا کرتے تھے۔ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام و مرتبے اور مستقبل کو پہچان لیا تھا اور فرمایا تھا کہ تمہیں تمہاری قوم نکال دے گی۔ ان کا مطلب یہ تھا کہ تیرے وجود کو اپنی بقا کے لئے خطرہ سمجھا جائے گا، چنانچہ لوگ تجھ سے مخالفت کریں گے، تجھے اذیت پہنچائیں گے اور تیرے ماننے والوں پر بھی ظلم ڈھائیں گے۔

امر واقعہ بھی یہی ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شدید مخالفت کی گئی۔ آپ کو جسمانی و روحانی اذیتیں دی گئیں۔ بعض صحابہ کو پہلے ہجرت کرنی پڑی اور پھر اللہ تعالیٰ کے اذن سے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ہجرت کرنی پڑی۔ جب آپ ﷺ مکہ سے روانہ ہوئے تو مڑ کر مکہ کی جانب دیکھا اور فرمایا کہ اے مکہ! تو مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے، لیکن تیرے رہنے والوں کے ظلم کی وجہ سے مجھے چھوڑنا پڑ رہا ہے۔

اسی الٰہی تقدیر کا ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نزولِ ثانی کے وقت بھی ہوا۔ جب اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کا وقت آیا، جیسا کہ سورۃ الجمعہ میں وعدہ موجود ہے، تو حضرت امام مہدیؑ کو بھی سخت اذیتیں دی گئیں۔ خدا تعالیٰ نے ان اذیتوں کو محسوس کیا اور ''داغِ ہجرت'' کی خبر دی (تذکرہ صفحہ ۲۳۷) اور ساتھ یہ بشارت بھی عطا فرمائی کہ

''إِنِّي مَعَ الْأَفْوَاجِ أَتِيكَ بَغْتَةً''

(تذکرہ صفحہ ۲۶۱)

خدا کے بھیجے ہوئے انبیاء کو اور ان کے متبعین کو ظلم کا نشانہ بنایا گیا مگر ان ظالموں کا کوئی مولا نہیں ہے البتہ ان مظلوموں کا مولا ضرور ہے اور خدا تعالیٰ خود فرماتا ہے:

اَلَاۤ اِنَّ نَصۡرَ اللّٰہِ قَرِیۡبٌ

(سورۃ البقرہ:۲۱۵)

دوسری طرف جلالی شان کا اظہار ظالموں کے لئے بھی پہلے سے یہی مقرر رہے کہ

فَدَمۡدَمَ عَلَیۡہِمۡ رَبُّہُمۡ بِذَنۡۢبِہِمۡ فَسَوّٰىہَا

(سورۃ الشمس:۱۵)

ان کو اللہ تعالیٰ نے خاک میں ملانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ یہ تو حضرت صاحبزادہ صاحب کے لئے ابدی قانون کے تحت اللہ تعالیٰ کا سلوک ہونا تھا ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے خاص حضرت صاحبزادہ صاحب کے لئے زمانہ کے امام کو بتادیا کہ ''ریاست کابل میں قریباً پچاسی ہزار کے ادمی مریں گے''

(تذکرہ صفحہ ۶۷۳)

سنہ ۱۹۰۳ سے سنہ ۲۰۲۵ تک یعنی گزشتہ ۱۲۲ سالوں سے دنیا بھر میں یہ واحد شہر کابل (بشمول افغانستان) ہے جہاں قتل وہ غارت گری کا سلسلہ چلتا چلا آرہا ہے۔ ۸۵ ہزار آدمی سے کہیں زیادہ مر چکے ہیں۔ مگر خدا تعالیٰ کی گہری تجلی حضرت صاحبزادہ صاحب شہید کے لئے جاری ہے۔ جہاں تک جمالی شان کی بات ہے اس تعلق سے ایک تاریخی حقیقت کا بیان حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے الفاظ میں یوں ہیں:

''حضرت صاحبزادہ سید عبد اللطیف صاحب کے متعلق ابھی چند سال ہوئے ایک بڑی دلچسپ روایت معلوم ہوئی۔ ہمارے صوبہ سرحد کے ایک مخلص احمدی دوست ہیں جن کے تعلقات کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ چند سال پہلے افغانستان سے ایک ایسے دوست ان سے ملنے کے لئے آئے یا یہ گئے وہاں ملنے کے لئے مجھے اس وقت صحیح یاد نہیں بہر حال ان کی ملاقات ہوئی۔ یہ وہ شخص ہیں جنہوں نے افغانستان کی آزادی کی روح کا Symbol یعنی نشان قائم کیا ہے یعنی یہ وہ آرکیٹیکٹ (نقشہ بنانے والے) ہیں کہ جب افغان قوم نے یہ فیصلہ کیا کہ افغان آزادی کی روح کا ایک Symbol یعنی یادگار قائم کی جائے تو یہ کام اسی آرکیٹیکٹ کے سپرد تھا کہ تم ڈیزاین بھی کرو یہ بھی فیصلہ کرو کہ اس کے لئے سب سے زیادہ موزوں جگہ

کون سی ہے۔ ہمارے احمدی دوست کہتے ہیں میں جب ان سے ملا تو میں بھی وہ مینار دیکھنے گیا تو پتہ لگا کہ وہ موزوں جگہ پر نہیں ہے۔ایک ایسی جگہ پر ہے جو آرکیٹیکچر یعنی فن تعمیر کے نقطۂ نگاہ سے موزوں نہیں تھی۔ایسی جگہ کمانڈنگ ہونی چاہئے، اونچی ہونی چاہئے ، کھلا منظر ہوتا کہ دور دور سے نظر آئے لیکن وہ مکانوں میں گھری ہوئی ایک چوک کے اندر جگہ تھی مجھے بڑا تعجب ہوا۔ میں نے اس بوڑھے سے پوچھا کہ تم تو بڑے قابل آرکیٹیکٹ ہو تم نے اس یادگار کے لئے اس جگہ کا انتخاب کیوں کرلیا۔اس نے جواب یہ دیا کہ اس کا انتخاب اس لئے کیا کہ مجھے یہ کہا گیا تھا کہ افغان روح آزادی کو خراج تحسین ادا کرنا ہے یعنی یہ کہ وہ تمام دنیا کے اثرات سے آزاد ہے اس کو دنیا کا کوئی خوف نہیں ہے اور حق پر قائم رہنا جانتی ہے یہ تھی اس کی روح۔اور میں جب بچہ تھا میں نے یہاں اسی چوک میں ایک ایسا واقعہ دیکھا تھا کہ وہ ہمیشہ ہمیش کے لئے میرے دل پر ثبت ہوگیا۔میں نے یہ دیکھا کہ ایک بزرگ زنجیروں میں جکڑا ہوا سنگسار کرنے کیلئے لے جایا جارہا تھا۔ ہم بھی بچوں میں شامل ہوکر اسکا نظارہ دیکھنے کے لئے گئے۔میں نے اسکے چہرہ پر ایسی عظمت دیکھی، ایسی آزادی دیکھی، ایسی بے خوفی دیکھی اور ایسا اطمینان تھا اور اس کے چہرہ پر طمانیت کی ایسی مسکراہٹ تھی کہ وہ میرے ذہن سے کبھی نہیں اترتی۔ پس جب مجھے میری قوم نے کہا کہ افغان روح آزادی کو خراج تحسین ادا کرنا ہے اور اس کے لئے ایک مینار قائم کرنا ہے تو میں نے سوچا کہ اس سے بہتر اور کوئی جگہ نہیں جہاں میں نے اس آزادی کی روح کو دیکھا تھا۔‘‘

(خطبات طاہر جلد ۲ صفحہ ۶۹۔۶۸)

پھر ظالم اور مظلوم اور ان کی نفسیاتی جائزہ کے لئے ایک بہت ہی دلچسپ واقعہ جس میں ظالموں پر جمالی شان کا ذکر ہے کچھ اس طرح سے ہے کہ حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

’’اسی طرح قادیان کا ہی ایک واقعہ ہے جو حافظ روشن علی صاحب نے سنایا وہ فرماتے تھے کہ میں ایک دفعہ جلسہ سالانہ کے ایام میں مدرسہ احمدیہ کی طرف سے آرہا تھا کہ میں نے دیکھا ایک چھوٹی سی ٹولی جس میں چار پانچ آدمی ہیں مہمان خانے کی طرف سے آرہی ہے اور دوسری طرف ایک بڑی ٹولی جس میں چالیس پچاس آدمی ہیں باہر کی طرف سے آرہی ہے وہ دونوں جماعتیں ایک دوسرے کو دیکھ کر ٹھہر گئیں اور پھر انہوں نے آگے بڑھ کر آپس میں لپٹ کر رونا شروع کر دیا۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھ پر اس نظارے کا عجیب اثر ہوا اور میں نے آگے بڑھ کر ان سے پوچھا کہ تم روتے کیوں ہو؟اس پر وہ جو زیادہ تھے انہوں نے بتایا کہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ جو آپ کو تھوڑے نظر آرہے ہیں یہ ہمارے گاؤں میں سب سے پہلے احمدی ہوئے۔ ہم لوگوں کو ان کا احمدیت میں داخل ہونا اتنا برا معلوم ہوا اتنا برا معلوم ہوا کہ ہم نے ان پر ظلم کرنے شروع کر دیئے اور یہاں تک ظلم کئے کہ یہ اپنی جائیدادیں اور مکان وغیرہ چھوڑ کر دور کسی اور شہر میں جا بسے۔ کچھ عرصہ کے بعد ہمیں بھی خدا تعالیٰ نے ہدایت دی اور ہم بھی احمدیت میں داخل ہو گئے لیکن نہ ہمیں ان کی خبر تھی کہ یہ کہاں ہیں اور نہ انہوں نے پھر ہمارے متعلق کوئی خبر حاصل کی۔آج جلسہ سالانہ پر ہم آئے ہوئے تھے کہ ادھر سے ہم آنکلے اور اُدھر سے یہ آنکلے اور ہم نے ایک دوسرے کو پہچان لیا۔ہمیں ان کو دیکھ کر وہ وقت یاد آ گیا جب ہم ان پر ظلم وستم کیا کرتے تھے اور جب خدا کی آواز پر لبیک کہنے کی وجہ سے ہم نے ان کو ان کے گھروں سے نکال دیا اور انہیں بھی وہ زمانہ یاد آ گیا جب ہم نے انہیں دُکھ دیئے تھے اور ہم دونوں بیتاب ہو کر رونے لگ گئے۔تو بڑے بڑے دشمن ہدایت پا جاتے ہیں اور بڑے بڑے مخالف راہ راست پر آجاتے ہیں۔‘‘

(خلافت علی منہاج نبوت جلد ۲ صفحہ ۳۱۲۔۳۱۱)

پس یہ حقیقت حال ہے یعنی حالات کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کا سلوک اپنے بندوں کے ساتھ یوں ہوا کرتا ہے۔

گوشہ ادب

شرح القصیدہ
یا عین فیض اللہ و العرفان

از: جلال الدین شمسؓ، سابق مبلغ بلادِ عربیہ وبلادِ غربیہ

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی عظیم الشان تصنیف آئینہ کمالات اسلام کے عربی حصہ میں ایک نہایت ہی روح پرور اور ایمان افروز قصیدہ تحریر فرمایا۔ یہ قصیدہ حضور علیہ السلام نے خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مدح ومنقبت میں رقم فرمایا ہے۔ اس قصیدہ مبارکہ کے کل ستر (70) اشعار ہیں جو اپنی فصاحت و بلاغت، رفعتِ معانی، ندرتِ اسلوب اور حسنِ بیان میں اپنی مثال آپ ہیں۔ ان اشعار میں وہ جلال و جمال جھلکتا ہے جو دراصل خالقِ کائنات کے عطا کردہ فیضانِ خاص کا نتیجہ ہے۔

قصیدہ اپنی بے نظیر ادبی و روحانی شان کی بدولت نہ صرف جماعت احمدیہ بلکہ وسیع تر دینی وعلمی حلقوں میں بھی قبولیت اور مقبولیت کا ایک درخشاں مینار ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ کے عاشق صادق اور مخلص مبلغ، مولانا جلال الدین شمس صاحبؓ (سابق مبلغ بلادِ عربیہ وغربیہ) نے اس قصیدہ سے غیر معمولی تعلق اور والہانہ عشق کے تحت 1956ء میں اس کا شاندار علمی و تحقیقی شرحی نسخہ مرتب فرمایا۔ اس شرح میں مشکل الفاظ کے معانی وتوضیح .ہرشعر کا بامحاورہ اردو ترجمہ اور اشعار کی مفصل تشریح اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی دیگر تصانیف سے متعلقہ اقتباسات بڑی محنت اور دلجمعی کے ساتھ یکجا کیے گئے ہیں۔

موجودہ طبع شدہ ایڈیشن تقریباً دوسو (200) صفحات پر محیط ہے۔

یہ کتاب ہر اس قاری کے لیے ایک گرانقدر خزینہ ہے جو حضرت مسیح موعودؑ کے عشق رسول ﷺ سے لبریز کلام کو سمجھنے اور اس کے انوار سے مستفید ہونے کا خواہاں ہے۔

نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے

کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ

نونہالانِ جماعت مجھے کچھ کہنا ہے
پر ہے یہ شرط کہ ضائع مرا پیغام نہ ہو
چاہتا ہوں کہ کروں چند نصائح تم کو
تاکہ پھر بعد میں مجھ پر کوئی الزام نہ ہو
جب گزر جائیں گے ہم تم پہ پڑے گا سب بار
سستیاں ترک کرو طالبِ آرام نہ ہو
خدمتِ دین کو اک فضلِ الٰہی جانو
اس کے بدلہ میں کبھی طالبِ انعام نہ ہو
دل میں ہو سوز تو آنکھوں سے رواں ہوں آنسو
تم میں اسلام کا ہو مغز فقط نام نہ ہو
سر میں نخوت نہ ہو آنکھوں میں نہ ہو برقِ غضب
دل میں کینہ نہ ہو لب پہ کبھی دشنام نہ ہو
خیراندیشیٔ احباب رہے مدنظر
عیب چینی نہ کرو مفسد و نمام نہ ہو
چھوڑ دو حرص کرو زہد و قناعت پیدا
زَر نہ محبوب بنے سیم دل آرام نہ ہو
رغبتِ دل سے ہو پابند نمازو روزہ
نظرانداز کوئی حصۂ احکام نہ ہو
پاس ہو مال تو دو اس سے زکوٰۃ و صدقہ
فکرِ مسکیں رہے تم کو غمِ ایام نہ ہو
حس اس کا نہیں کھلتا تمہیں یہ یاد رہے
دوش مسلم پر اگر چادرِ احرام نہ ہو

(کلام محمود صفحہ 97-96)

بنیادی مسائل کے جوابات

(امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے پوچھے جانے والے بنیادی مسائل پر مبنی سوالات کے بصیرت افروز جوابات)

سوال: ایک دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں استفسار کیا کہ کیا ایک سفر میں ایک سے زیادہ عمرے کرنے بہتر ہیں یا ایک عمرہ کرنے کے بعد باقی وقت دیگر عبادات میں گزارا جائے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مکتوب مورخہ 02 فروری 2019ء میں اس سوال کا درج ذیل جواب عطا فرمایا:

جواب: آنحضور ﷺ کی سنت سے ثابت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک سفر میں ایک ہی عمرہ فرمایا۔ لیکن حضور ﷺ نے کہیں اس کی ممانعت نہیں فرمائی کہ ایک سفر میں ایک سے زائد عمرے نہیں ہو سکتے۔ اس لئے اگر کوئی شخص حضور ﷺ کی سنت کے مطابق ایک سفر میں صرف ایک ہی عمرہ کرے اور باقی وقت دیگر عبادات میں گزارے تو یہ بھی ٹھیک ہے اور اگر وہ ایک سے زیادہ عمرے کرنا چاہے تو چونکہ عمرہ میں بھی اللہ تعالیٰ کے گھر کا طواف، صفاء اور مروہ کے چکر، ذکر واذکار اور نوافل ہوتے ہیں، اس لئے اس میں بھی کوئی حرج کی بات نہیں۔

(قسط نمبر 10، الفضل انٹرنیشنل 05 مارچ 2021ء صفحہ 11)

سوال: ایک خاتون نے عورتوں کے بال کٹوانے اور ان بالوں کو کینسر کے کسی غیر مسلم مریض کو Donate کرنے کے بارہ میں حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں استفسار کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ ۲۵ دسمبر ۲۰۱۹ء میں اس سوال کا حسب ذیل جواب عطا فرمایا:

جواب: بغرض ضرورت عورتوں کے بال کٹوانے میں کوئی حرج نہیں۔ چنانچہ حج اور عمرہ کی تکمیل پر عورتیں اپنے بال کاٹ کر ہی احرام کھولتی ہیں۔ احادیث میں آتا ہے کہ صحابیات بغرض ضرورت اپنے بال کٹوایا کرتی تھیں۔ البتہ عورتوں کو حلق یعنی سر منڈوانے کی اجازت نہیں۔ اسی طرح حضور ﷺ نے مردوں کو عورتوں کی اور عورتوں کو مردوں کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ پس عورتوں کو مردوں کی طرز پر بال نہیں کٹوانے چاہئیں۔ لیکن اگر زینت کی خاطر مناسب حد تک بال کٹوائے جائیں جس میں مردوں سے مشابہت پیدا نہ ہوتی ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ کسی مریض کو بال Donate کرنا ثواب کا کام ہے۔ اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ کیونکہ جب علاج کے سلسلہ میں ایک انسان دوسرے انسان کو اپنا خون اور دیگر اعضاء بطور عطیہ دے رہا ہے تو بال کیوں نہیں دے سکتا۔

(قسط نمبر ۱۳، الفضل انٹرنیشنل ۰۹ اپریل ۲۰۲۱ء صفحہ ۱۱)

سوال: ایک مربی صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں تحریر کیا کہ عیدین کے مواقع پر بعض لوگ مساجد میں آکر عید سے پہلے یا بعد میں نوافل ادا کرتے ہیں۔ اس بارہ میں رہنمائی کی درخواست ہے۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ ۱۴ اکتوبر ۲۰۱۷ء میں ان مربی صاحب کو جو جواب اور اس مسئلہ کے بارہ میں انتظامیہ کو جو ہدایت عطا فرمائی وہ حسب ذیل ہے۔ حضور انور نے فرمایا:

جواب: نماز عید سے پہلے نوافل کی ادائیگی منع ہے جیسا کہ

احادیث سے بھی ثابت ہوتا ہے، لیکن بعد میں اگر وقت ممنوعہ شروع نہ ہوا ہو تو گھر جا کر نوافل پڑھے جا سکتے ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں۔ میں نے جنرل سیکرٹری صاحب کو بھی ہدایت کر دی ہے کہ جو لوگ عید والے دن نماز عید سے قبل مساجد میں آ کر نوافل ادا کرنا شروع کر دیتے ہیں انہیں اس کی ممانعت کی بابت توجہ دلانے کے لئے نماز عید سے قبل مساجد میں باقاعدہ اعلان کروایا کریں۔

(قسط نمبر ۴، الفضل انٹرنیشنل ۱۸ دسمبر ۲۰۲۰ء صفحہ ۱۲)

سوال: ایک دوست نے عیدین کی نماز کے واجب ہونے نیز عید کی نماز میں امام کے کسی رکعت میں تکبیرات بھول جانے اور اس کے تدارک میں سجدہ سہو کرنے کے بارہ میں حضور انور کی خدمت اقدس میں رہنمائی فرمانے کی درخواست کی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب ۲۱ نومبر ۲۰۱۷ء میں اس سوال کا جو جواب عطا فرمایا، وہ حسب ذیل ہے۔ حضور انور نے فرمایا:

جواب: عیدین کی نماز سنت مؤکدہ ہے۔ حضور ﷺ نے ایسی خواتین جن پر ان کے خاص ایام ہونے کی وجہ سے نماز فرض نہیں، انہیں بھی عید گاہ میں آ کر مسلمانوں کی دعا میں شامل ہونے کا پابند فرمایا ہے۔ اور جہاں تک امام کے تکبیرات بھول جانے کا سوال ہے تو ایسی صورت میں مقتدی اسے یاد کروا دیں، لیکن مقتدیوں کے یاد کروانے کے باوجود اگر امام کچھ تکبیرات نہ کہہ سکے تو مقتدی امام کی ہی اتباع کرتے ہوئے عید کی نماز ادا کریں۔ تکبیرات بھولنے کے نتیجہ میں امام کو سجدہ سہو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(قسط نمبر ۴، الفضل انٹرنیشنل ۱۸ دسمبر ۲۰۲۰ء صفحہ ۱۲)

سوال: ایک دوست نے بعض احباب کی طرف سے پوچھے جانے والے اس سوال کی بابت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے رہنمائی چاہی کہ گھانا کے ماحول کو سامنے رکھتے ہوئے جہاں ایسے غیر احمدی امام بھی ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور احمدیت کو سچا اور بہترین اسلام سمجھتے ہیں اور مخالفت بھی نہیں کرتے لیکن کسی مجبوری کی وجہ سے قبول احمدیت کی توفیق نہیں پاتے، تو کیا ایسے افراد یا اماموں کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہو گا؟

حضور انور نے اپنے مکتوب مؤرخہ ۲۲ جولائی ۲۰۱۹ء میں اس کا درج ذیل جواب عطا فرمایا۔ حضور نے فرمایا:

جواب: سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے غیر احمدی امام کی اقتدا میں نماز نہ پڑھنے کے مسئلہ پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے اور جہاں آپ نے اس مسئلہ کے مختلف پہلوؤں کو ہمارے لئے کھول کھول کر بیان فرمایا ہے وہاں آپ کے بیان کردہ مسئلہ پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ چنانچہ ایک موقعہ پر ایسے لوگوں کی نسبت ذکر ہوا جو نہ مکفر ہیں نہ مکذب اور ان کے پیچھے نماز پڑھنے کا مسئلہ دریافت کیا گیا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا:

"اگر وہ منافقانہ رنگ میں ایسا نہیں کرتے جیسا کہ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ (با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام) تو وہ اشتہار دے دیں کہ ہم نہ مکذب ہیں نہ مکفر (بلکہ بزرگ نیک ولی اللہ سمجھتے ہیں) اور مکفرین کو اس لئے کہ وہ ایک مومن کو کافر کہتے ہیں، کافر جانتے ہیں تو ہمیں معلوم ہو کہ وہ سچ کہتے ہیں ورنہ ہم ان کا کیسے اعتبار کر سکتے ہیں اور کیونکر ان کے پیچھے نماز کا حکم دے سکتے ہیں۔ گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی۔ نرمی کے موقع پر نرمی اور سختی کے موقع پر سختی کرنی چاہیئے۔ فرعون میں ایک قسم کا رُشد تھا اور اسی رُشد کا نتیجہ تھا کہ اس کے مونہہ سے وہ کلمہ نکلا، جو صدہا ڈوبنے والے کفار کے منہ سے نہ نکلا۔ یعنی آمَنْتُ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ۔ اس کے ساتھ نرمی کا حکم ہوا۔ قُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا۔ اور دوسری طرف نبی کریم کو فرمایا وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ۔ معلوم ہوتا ہے ان لوگوں میں بالکل رُشد نہ تھا۔ پس ایسے معترضین کے ساتھ صاف صاف بات کرنی چاہیے تا کہ ان کے دل میں جو گند و محبت پوشیدہ ہے نکل آئے اور رنگ جماعت نہ ہوں۔"

(اخبار بدر نمبر ۱۶ جلد ۷ مؤرخہ ۲۳ اپریل ۱۹۰۸ء صفحہ ۴)

(قسط نمبر ۱۲، الفضل انٹرنیشنل ۲ اپریل ۲۰۲۱ء صفحہ ۱۱)



فتاویٰ مصلح موعودؓ

لعان

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ

وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر بدکاری کا الزام لگاتے ہیں اور کوئی بیرونی گواہ نہیں رکھتے صرف ان کا نفس ہی گواہ ہوتا ہے ان میں سے ہر شخص چار دفعہ حلفیہ گواہی دے کہ واقعی میں نے اپنی عورت کو بدکاری کرتے دیکھا ہے اور میں سچا ہوں اور پانچویں دفعہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو اللہ تعالیٰ کی مجھ پر لعنت ہو۔ جب خاوند اس طرح قسم کھا چکے تو عورت بھی چار دفعہ قسم کھا کر کہے کہ یہ شخص جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اگر یہ سچا ہے تو مجھ پر خدا تعالیٰ کا عذاب نازل ہو۔ جب دونوں طرف سے قسمیں کھالی جائیں تو پھر ان دونوں کو جدا کر دیا جائے گا یعنی خلع کا حکم دیدیا جائے گا لیکن اگر خاوند بیوی پر قذف تو کرے مگر نہ گواہ لائے نہ لعان کرے تو خاوند پر حد لگے گی۔ ہاں اگر وہ لعان کرے تو پھر وہ حد سے آزاد ہو جائے گا یعنی کوڑے کھانے سے بچ جائے گا۔ لیکن اگر بیوی بھی لعان کر دے تو پھر بیوی پر زنا کا الزام ثابت نہیں ہو گا اور دونوں طرف کا معاملہ برابر سمجھا جائے گا۔

یہ لعان کسی مخفی مقام پر نہیں ہوتا بلکہ ضروری ہوتا ہے کہ ایسا شخص اول لوگوں کے مجمع میں قسم کھائے۔ دوم کسی مقدس مقام پر کھائے۔ سوم جب وہ لعنت کرنے لگے تو اس کو کہا جائے گا کہ دیکھو خوب سوچ سمجھ لو خدا کی لعنت جس شخص پر نازل ہوتی ہے اسے تباہ کر دیتی ہے۔ (تفسیر کبیر جلد ششم۔ تفسیر سورہ نور۔ صفحہ ۲۶۷)

متعہ

سوال: متعہ کے متعلق جناب کا کیا خیال ہے؟

جواب: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پہلے متعہ کا رواج تھا۔ جب تک شریعت میں اس کے متعلق کوئی حکم نہیں تھا۔ تب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع بھی نہیں کیا۔ آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا تعالیٰ کے حکم سے اس کو حرام قرار دیدیا۔ حدیث میں اس کے حرام ہونے کے متعلق بیان آتا ہے۔ (الفضل یکم مارچ ۱۹۲۷ء صفحہ ۶)

حق حضانت

